**15.06.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں کلیم احمد

**Music**

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ تین ملکوں قبرص، کناڈا اور کروشیا کے اُن کے دورے سے دہشت گردی سے نمٹنے کے بارے میں عالمی مفاہمت کو مستحکم بنانے اور اہم عالمی امور پر تبادلۂ خیال کرنے کا موقع ملے گا۔

☆ اتراکھنڈ کے کیدار ناتھ علاقے میں گوری کُنڈ کے نزدیک ہیلی کاپٹر گرنے کے حادثے میں اِس میں سوار سبھی 7 افراد کی موت ہوگئی۔ وہاں ہیلی کاپٹر خدمات دو دن کیلئے روک دی گئی ہیں۔

☆ نئی اور قابلِ تجدید توانائی کے وزیر پرہلاد جوشی نے زور دے کر کہا ہے کہ بھارت کی **Wind Energy** کی صلاحیت میں ساڑھے دَس فیصد سے زیادہ کا اضافہ ہوا ہے اور یہ 51 اعشاریہ پانچ گیگاواٹ تک پہنچ گئی ہے۔

☆ اسرائیل میں ایران کے حملوں میں کم از کم 10 افراد مارے گئے ہیں۔ تہران میں اسرائیل نے تیل اور توانائی کی اہم تنصیبات پر حملے کئے ہیں۔

☆ اور ٹیبل ٹینس میں، **Manav Thakkar** اور **Manush Shah** کی بھارتی جوڑی شمالی مقدونیہ میں جاری **WTT Contender Skopje** ٹورنامنٹ کے مردوں کے ڈبلز کے فائنل میں پہنچ گئی ہے۔

............................................................................

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔
~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

**PM Visit**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ قبرص ، کناڈا اور کروشیا کے ، اُن کے دورے سے سرحد پار کی دہشت گردی کے خلاف بھارت کی لڑائی میں ، اُس کی لگاتار حمایت کرنے پر ساجھیدار ملکوں کا شکریہ ادا کرنے کا موقع ملے گا۔ اِس کے ساتھ ساتھ یہ ہر طرح کی دہشت گردی سے نمٹنے کے تعلق سے عالمی سمجھ بوجھ کو تقویت پہنچانے کا بھی ایک موقع ہے۔ جناب مودی نے آج صبح تین ملکوں کے دورے پر روانہ ہونے سے قبل ایک بیان میں یہ بات کہی۔

اپنے دورے کے پہلے مرحلے میں، وزیرِ اعظم آج شام قبرص پہنچیں گے۔ اپنے بیان میں جناب مودی نے اِس بات کو اجاگر کیا ہے کہ قبرص بحرِ روم کے خطے اور یوروپی یونین میں ایک قریبی دوست اور اہم ساجھیدار ملک ہے۔

انہوں نے کہا کہ اِس دورے سے مختلف شعبوں میں تاریخی رشتوں اور تعلقات کو وسعت دینے کا موقع ملے گا، جس میں تجارت ، سرمایہ کاری ، سکیورٹی ، ٹیکنالوجی اور عوام سے عوام کے رابطوں کو فروغ دینا شامل ہے۔

قبرص کے دو دن کے دورے میں، وزیرِ اعظم نریندر مودی **Nicosia** میں، وہاں کے صدر کے ساتھ بات چیت کریں گے اور **Limassol** میں کاروباری رہنماؤں سے خطاب کریں گے۔

اِدھر قبرص میں بھارت کے ہائی کمشنر منیش نے آکاشوانی نیوز کے ساتھ خصوصی گفتگو میں کہا کہ وزیرِ اعظم نریندر مودی کے دورے سے باہمی تعلقات کو ایک نئی جہت اور نئی قوت ملے گی۔

بھارتی ہائی کمشنر نے کہا کہ قبرص نے **2035** کیلئے ایک قومی نظریہ طے کیا ہے، جبکہ بھارت نے **2047** تک وکست بھارت کا نظریہ طے کر رکھا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان مستحکم تال میل ہے۔ ساتھ ہی یہ اعتماد بھی ظاہر کیا کہ دونوں لیڈر اشتراک میں تیزی لانے اور اِسے متنوع بنانے کیلئے ایک خاکہ تیار کریں گے۔

اپنے دورے کے دوسرے مرحلے میں جناب مودی کناڈا کے اپنے ہم منصب **Mark Carney** کی دعوت پر **G-7** سربراہ کانفرنس میں شرکت کیلئے کَل **Kananaskis** جائیں گے۔ **G-7** سربراہ میٹنگ میں جناب مودی لگاتار چھٹی مرتبہ شرکت کریں گے۔

کناڈا کے اپنے دورے کے بارے میں وزیرِ اعظم نے کہا کہ **G-7** سربراہ کانفرنس سے اہم عالمی امور اور گلوبل ساؤتھ کی ترجیحات کے بارے میں تبادلۂ خیال کرنے کا موقع ملے گا۔

جناب مودی بدھ کے روز کروشیا کے سرکاری دورے پر جائیں گے اور کروشیا کے اپنے ہم منصب کے ساتھ باہمی بات چیت کریں گے اور وہاں کے صدر سے ملاقات کریں گے۔ کروشیا کے اپنے دورے کے بارے میں جناب مودی نے اِس بات کو اجاگر کیا ہے کہ دونوں ملکوں کے صدیوں پرانے ثقافتی رابطے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ کسی

بھارتی وزیرِ اعظم کا کروشیا کا پہلا دورہ ہونے کے ناطے اِس سے باہمی مفاد کے شعبوں میں دو طرفہ اشتراک کیلئے نئے راستے کھلیں گے۔ x

## REV UTTARAKHAND HELICOPTER CRASH

اتراکھنڈ کے کیدار ناتھ علاقے میں آج صبح گوری کُنڈ Khark کے پہاڑی خطے میں ایک ہیلی کاپٹر گرنے کے حادثے میں سات افراد کی موت ہوگئی۔ اِن میں چھ یاتری اور پائلٹ شامل ہیں۔

یہ ہیلی کاپٹر کیدار ناتھ سے گُپت کاشی جارہا تھا۔ امدادی ٹیموں کو فوراً ہی جائے حادثہ پر بھیجا گیا اور بچاؤ اور تلاش کی کارروائی شروع کی گئی۔ SDRF کے مطابق یہ ہیلی کاپٹر پوری طرح جل گیا ہے اور سبھی لاشیں برآمد کرلی گئی ہیں۔

محکمۂ سیاحت کے ضلع افسر راہل چوبے نے کہا ہے کہ خراب موسم کی وجہ سے یہ ہیلی کاپٹر اچانک ایک درخت سے ٹکرا گیا، جس کے نتیجے میں یہ حادثہ پیش آیا۔

اتراکھنڈ کے وزیرِ اعلیٰ پُشکر سنگھ دھامی نے ہیلی کاپٹر خدمات دو دن معطل رکھنے کا حکم دیا ہے۔ انہوں نے اِس المناک حادثے پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مسافروں کی سلامتی اولین ترجیح ہے اور مناسب تحقیقات کے بعد ہیلی کاپٹر خدمات بحال کی جائیں گی۔

ہوائی جہازوں کے حادثات کی تحقیقات سے متعلق بیورو، اِس واقعے کی چھان بین کرے گا۔

شہری ہوا بازی کے ڈائریکٹوریٹ جنرل نے احتیاطی قدم کے طور پر چار دھام کیلئے ہیلی کاپٹر خدمات کی Frequency پہلے ہی کم کردی ہے۔ ڈائریکٹوریٹ نے نگرانی بڑھا دی ہے اور کسی طرح کی مزید کارروائی کیلئے وہ اِن خدمات کا جائزہ لے رہی ہے۔ x

## PLANE CRASH DNA

احمدآباد طیارہ حادثے میں مرنے والوں میں سے 31 کے DNA کے نمونوں کا میلان ہوگیا ہے۔ اب تک کُل 12 لاشیں، متاثرین کے کنبوں کے حوالے کی جاچکی ہیں۔ احمدآباد سول اسپتال کے ایڈیشنل سپرنٹنڈنٹ، ڈاکٹر رجنیش پٹیل نے کہا ہے کہ DNA کے، جن نمونوں کا میلان ہوچکا ہے، ان کی لاشیں، احترام کے ساتھ ان کے کنبوں کے سپرد کی جارہی ہیں۔ اس حادثے میں مرنے والے ہر شخص کے کنبے کیلئے ایک خصوصی ٹیم کو مامور کیا گیا ہے۔ یہ ٹیم، ایک سینئر عہدیدار، ایک پولیس اہلکار اور ایک پیشہ ور صلاح کار پر مشتمل ہے۔ ڈاکٹر رجنیش پٹیل نے کہا کہ آنجہانی وجے روپانی کی لاش کی شناخت کا عمل اب بھی جاری ہے۔ x

## WIND SOLAR ENERGY

نئی اور قابل تجدید توانائی کے مرکزی وزیر پرہلادجوشی نے کہا ہے کہ اس سال بھارت کی ہوا سے تیار کی جانے والی توانائی کی صلاحیت میں دس اعشاریہ پانچ فیصدسے زیادہ کا اضافہ ہوا ہے اور یہ 51 اعشاریہ پانچ گیگاواٹ تک پہنچ گئی ہے جبکہ گزشتہ برس یہ محض 46 اعشاریہ چار دو فیصد تھی۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر انہوں نے کہا کہ اس صلاحیت میں اضافے کے ساتھ ہی، ملک خودکفالت کی جانب گامزن ہے اور اس میں جدت طرازی، گرین ٹکنالوجی اور آب و ہوا کے لئے سازگار ترقی کا ایک اہم رول ہے۔ ہوا کے عالمی دن کے موقع پر جناب جوشی نے کہا کہ بھارت کے قابل تجدید توانائی کے شعبے نے بے مثال ترقی کی ہے۔ شمسی توانائی سے لے کر ہوا سے حاصل ہونے والی توانائی تک، ملک ایک زیادہ تابناک اور آب و ہوا کے لئے زیادہ سازگار کے مستقبل کے لئے راہ ہموار کررہا ہے۔

## J&K I&B SECY

اطلاعات و نشریات وزارت کے سکریٹری سنجے جاجو نے خطے کیلئے مخصوص اور مقامی طور پر ایسے اور زیادہ پروگرام تیار کئے جانے پر زور دیا ہے، جس سے جموں و کشمیر کی ثقافتی اقدار کی عکاسی ہوتی ہو۔ سری نگر میں دور درشن اور آکاشوانی پروگرامنگ اور خبروں کی نشریات کے نظام کا جائزہ لینے کے دوران جناب سنجے جاجو نے کشمیر خطے کے سبھی میڈیا یونٹس کی اِس بات کیلئے حوصلہ افزائی کی کہ وہ علاقائی رابطے کو بڑھانے اور زیادہ ناظرین تک پہنچنے کی خاطر مقامی زبانوں میں پروگرام اور خبروں پر مبنی پروگرام تیار کریں۔ آکاشوانی سری نگر کے نامہ نگار طارق راتھر کے ساتھ خصوصی گفتگو میں جناب سنجے جاجو نے کہا کہ جموں و کشمیر جیسے خطے میں پبلک براڈ کاسٹنگ صرف جانکاری دینے کیلئے ہی نہیں بلکہ تحریک دینے کیلئے بھی ہے۔ x

## IRAN - ISRAEL CONFILICT

ایران اور اسرائیل نے ایک دوسرے پر اپنے حملے تیز کردیئے ہیں۔ اسرائیل کے شہروں میں کم از کم 10 افراد مارے گئے ہیں اور اِدھر تہران میں ایک تیل ڈپو میں زبردست آگ لگنے کی اطلاع ملی ہے۔ دونوں ملکوں کے درمیان لڑائی کا آج تیسرا دن ہے۔ دونوں ہی سرکاروں نے مزید کارروائی کرنے کا عہد کیا ہے اور علاقائی عدم استحکام بڑھتا جارہا ہے۔

ایمرجنسی خدمات کے اہلکار ، اُن 7 افراد کا پتہ لگانے کیلئے بھرپور کوشش کررہے ہیں، جو اب بھی ملبے میں پھنسے ہوئے ہیں۔ راکٹ حملے جاری رہنے کی وجہ سے بچاؤ کوششوں میں رکاوٹ پڑی ہے۔

جمعہ کو ایران کی جانب سے میزائل حملے شروع ہونے کے بعد سے اسرائیل میں 300 سے زیادہ افراد زخمی ہوئے ہیں۔

وسطی اور شمالی اسرائیل میں اسپتال اپنی پوری صلاحیت کے ساتھ کام کررہے ہیں۔ اسرائیل کے شہروں میں فضائی حملوں سے خبردار رہنے کے سائرن کی آواز لگاتار سنی جارہی ہے اور رہائشی عمارتوں پر سیدھے حملوں کے تناظر میں وہاں دھواں اٹھتا ہوا دیکھا گیا ہے۔ x

**IMD RAIN**

بھارتی موسمیات محکمے نے آج تمل ناڈو ، ساحلی کرناٹک، جنوبی کرناٹک کے اندرونی علاقوں، کیرالہ، کونکن اور گوا میں انتہائی شدید بارش کے امکان کے مدّ نظر ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ اِس کے علاوہ، لکشدیپ، ساحلی آندھرا پردیش اور تلنگانہ میں بھی تیز بارش ہونے کا امکان ہے۔

اِدھر قومی راجدھانی دلّی میں آج صبح سویرے تیز ہواؤں کے ساتھ شدید بارش ہوئی، جس سے درجۂ حرارت نیچے آ گیا اور لوگوں کو شدید گرمی سے کچھ راحت ملی۔ x

**REV DAY TENNIS WTT SKOPJE**

ٹیبل ٹینس میں بھارت کے Manav Thakkar اور Manush Shah شمالی مقدونیہ میں جاری WTT Contender Skopje ٹورنامنٹ میں مردوں کے ڈبلز کے فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ فائنل میں بھارتی جوڑی کا مقابلہ آج Lim Jonghoon اور Oh Junsung کی دوسرے نمبر کی جنوبی کوریا کی جوڑی سے ہوگا۔

بھارتی جوڑی نے سیمی فائنل میں Slovenia کی جوڑی کو تین - ایک سے شکست دی۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆